آفت آگ سے بچو، آمدنی وغیرہ تا کہ اردو سے واقف افراد جس موضوع پر قرآنی احکامات تلاش کرنا چاہیں وہ متعلقہ آیات فہرست سے باآسانی تلاش کرلیں۔اشاریہ کی خوبی یہ ہے کہ حوالہ کے ساتھ اختصار کو پیش نظر رکھنا ہے یہ کاوش بھی اس لائق ہے کہ اسے ہر تعلیمی ادارہ کی لائبریری کی زینت بنایا جائے۔

اس میں کوئی شک نہیں اشاریہ سازی پر مختلف زبانوں میں کام کیا گیا ہے، بلکہ اب یہ کام مختلف جہات سے سی ڈیز پر بھی آچکا ہے، جس سے استفادہ میں مزید سہولت پیدا ہوگئی ہے۔

کتاب کا نام : قرآن کریم

مترجم : فتح محمد خان جالندھری

ناشر : قرآن سوسائٹی پاکستان جلالپور جٹاں گجرات

قیمت وصفحات : ۴۰ روپے، صفحات ۸۱۴

یہ کاوش بھی قرآن کو عام لوگوں تک پہنچانے کا ذریعہ ہے ناشر نے سرورق پر یہ ہدایت تحریر کی ہے۔

دکانوں پر اس نسخہ کی فروخت ممنوع ہے کیونکہ یہ قرآن ہدیہ لاگت سے بھی بہت کم ہدیہ پر دیا گیا ہے۔آغاز میں کچھ تمہیدی کلمات ہیں آخر میں قرآنی مضامین کی مختصر فہرست منسلک کردی گئی۔ترجمہ کی ترتیب یہ رکھی ہے کہ صفحہ کے ایک سائڈ پر قرآنی آیات ہیں بائیں جانب بلمقابل اس آیت کا ترجمہ دے دیا گیا ہے۔

مولانا جالندھری کا ترجمہ آسان اور عام فہم ہے۔کاغذ، طباعت و بائنڈنگ مناسب ہے۔

کتاب کا نام : پیارے نبیؐ کے پیارے واقعات (پیارے بچوں کے لئے پیارے نبی کی سیرت طیبہؐ کے دلچسپ ونصیحت آموز انداز میں)

مصنف : مولانا سعید احمد صدیقی صاحب